| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے۔کہ 'حرف 'ب' کی پہچان کر سکیں' اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی بچوں سے حرف 'آ' کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ب' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ب' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ب' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ب' ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ب' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ب' حروف تہجی کا تیسرا حرف ہے۔<br>(بادل، بستہ، بلی، بندر، بازو، بکرا، بادام)<br>اور حرف 'ب' کے ذخیرہ الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔بچوں کو حرف 'ب' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>میز پر مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔اور بچوں کو کہا جائے گا کہ ''ب'' سے شروع ہونے والی کوئی سے دو تصاویر کے فلیش کارڈ ڈھونڈیں اور اس کے نام بتائیں۔ ہر بچے سے یہ سرگرمی کروایئے۔بچوں کو حرف 'ب' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔کاٹ کر میز پر ایک پیالے میں بارش کے قطرے رکھے جائیں گے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ بادل کے نیچے بارش کے قطرے چسپاں کریں۔ | 20منٹ | ورک شیٹ کٹے ہوئے بارش کے قطرے گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف 'ب' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے۔ کہ 'حرف 'ب' کی پہچان کرسکیں' اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'ب' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ب' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ب' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو 'ب' سے شروع ہونے والی نظم سنایئے۔<br>بلی میں نے پالی ہے — سر سے دم تک کالی ہے<br>آنکھیں کیا چمکیلی ہیں — کیسی نیلی نیلی ہیں<br>بستر پر چڑھ آتی ہے — ساتھ میرے سو جاتی ہے<br>جب میں اس کو پاس بلاؤں — دھیرے سے کہتی ہے میاؤں<br>بلی میں نے پالی ہے — سر سے دُم تک کالی ہے<br>حرف 'ب' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر اس کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں سے Salt Tray پر حرف 'ب' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ب' کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولیں اور حرف 'ب' پر انگلی پھیریئے اور 'ب' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔<br>**'ب' سے بادل:** بچوں کو چارٹ پیپر سے کٹے ہوئے بادل دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کاٹن بالز (روئی) دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ اس کو بادل کے اوپر چسپاں کریں۔ | | Salt Tray<br>کتاب صفحہ 8<br>سفید چارٹ پیپر<br>کاٹن گلو | سفید چارٹ پیپر کاٹن۔ گلو |
| | **اختتامیہ:** سبق کے اختتام ہر بچوں سے حرف 'ب' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** دی گئی بطخوں میں حرف 'ب' تلاش کر کے رنگ بھریئے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے۔ کہ 'حرف 'ب' کی پہچان کرسکیں' اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ب' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>'ب' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ب' کی کہانی سنیں گے۔<br>بلال اپنے امی ابو کے ساتھ چڑیا گھر کی سیر کو گیا وہاں اُس نے بکرا، بندر، بلی اور بطخ دیکھی۔ اچانک وہاں زور کے بادل گرجے اور تیز بارش شروع ہوگئی۔ وہ سب جلدی جلدی گھر بھاگے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ب' کی ورک شیٹ دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ حرف 'ب' سے شروع ہونے والی اشیاء میں رنگ بھریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے بطخ، بارش اور بھاگے کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | ورک شیٹ رنگ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ب' کی پہچان کر سکیں' اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( سات ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ب' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>'ب' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اس میں 'ب' کے الفاظ پوچھیں جائیں گے۔ | 5 منٹ | صرف فلیش کارڈ<br>تصاویر فلیش کارڈ<br>تصاویر فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ب' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ب' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ب' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے بازو، بادام اور بکرے کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید پر مختلف تصاویر چسپاں کی جائیں گی۔ اور بچوں کو باری باری بلا کر حرف 'ب' سے بنی چیزوں کے گرد دائرہ لگوایا جائے گا۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 9 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اس میں دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا ٹوکری کی ابتدائی آواز 'ب' ہے۔ بچوں کو 'ب' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ب' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 9 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے بازو، بادام اور بکرے کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ب' کی پہچان کر سکیں اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ب' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کو ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ب' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ب' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقرر وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ب' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 30 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ب' پر پنسل پھیریئے۔ | 2 منٹ | کاپی | |